**A**

**CCE RR REVISED**

ಕರ್ನಾಟಕ ಪ್ರೌಢ ಶಿಕ್ಷಣ ಪರೀಕ್ಷಾ ಮಂಡಳಿ, ಮಲ್ಲೇಶ್ವರಂ, ಬೆಂಗಳೂರು – 560 003

**KARNATAKA SECONDARY EDUCATION EXAMINATION BOARD, MALLESWARAM, BANGALORE - 560 003**

ಎಸ್.ಎಸ್.ಎಲ್.ಸಿ. ಪರೀಕ್ಷೆ, ಜೂನ್, 2018

**S. S. L. C. EXAMINATION, JUNE, 2018**

ಮಾದರಿ ಉತ್ತರಗಳು

**MODEL ANSWERS**

ದಿನಾಂಕ : 28. 06. 2018 ] ಸಂಕೇತ ಸಂಖ್ಯೆ : **66-U**

Date : 28. 06. 2018 ] **Code No. : 66-U**

**ವಿಷಯ : ತೃತೀಯ ಭಾಷೆ – ಉರ್ದು**

Subject : **Third Language - URDU**

**( ಹೊಸ ಪಠ್ಯಕ್ರಮ /New Syllabus )**

**( ಪುನರಾವರ್ತಿತ ಶಾಲಾ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ / Regular Repeater)**

**[ ಗರಿಷ್ಠ ಅಂಕಗಳು : 80**

**[ Max. Marks : 80**

| مارکس | متوقع جوابات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | **PART-A/حصّہ-الف** | |
| | درج ذیل سوالات کے جوابات ایک جملے میں لکھئے : 10 × 1 = 10 | |
| | ماہرِ ریاضی دان کون تھا ؟ | .1 |
| 1 | جواب : عمر خیّام۔ | |
| | ٹوکیو کے ہوائی اڈّہ کا نام کیا ہے ؟ | .2 |
| 1 | جواب : نریتا۔ | |
| | والد کے انتقال کے وقت محمد علی جوہر کی عمر کیا تھی ؟ | .3 |
| 1 | جواب : سولہ سال۔ | |
| | شیخ حسین عبداللہ کس نام سے مشہور ہوئے ؟ | .4 |
| 1 | جواب : بوعلی سینا۔ | |

| مارکس | متوقع جوابات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | راموکس غرض سے مچھلیوں کے ڈپارٹمنٹ گیا ؟ | .5 |
| 1 | جواب : دھوبی کے خاندان والوں کی مدد کے لئے۔ | |
| | مصنف کے دوست نے خوشخبری سنانے کے لئے کس بات کا وعدہ لیا ؟ | .6 |
| 1 | جواب : بڑھیا ٹرانسسٹر لے آنے کا وعدہ لیا۔ | |
| | غول بیابانی نے ایسا کیوں کہا کہ اندھیرے میں آنے والے لوگ اِن کے بھائی بندھو ہیں ؟ | .7 |
| 1 | جواب : اندھیرے میں آنے والے لوگ بھی غول بیابانی کی طرح بُرے لوگ تھے۔ | |
| | سدرۃ المنتہیٰ کسے کہتے ہیں ؟ | .8 |
| 1 | جواب : عرش پر حضرت جبرئیلؑ کا آخری مقام۔ | |
| | پیغامِ یک جہتی میں شاعر کیا پیغام دے رہا ہے ؟ | .9 |
| | جواب : انسانیت، آدمیت، حب قومی، ملاپ، بھائی چارہ، محبت اور یک جہتی۔ | |
| 1 | (کسی ایک لفظ پر پورے نشانات دیئے جائیں۔) | |
| | حضرت خواجہ بندہ نوازؒ کا عُرس کس طرح منایا جاتا ہے ؟ | .10 |
| 1 | جواب : تزک واحتشام سے منایا جاتا ہے۔ | |
| | دو یا تین جملوں کے جوابات : 10 × 2 = 20 | |
| | کوئی سستی شئے انمول شئے کب اور کیسے بنتی ہے ؟ | .11 |
| | جواب : | |
| 1 | کسی ٹھوس شئے کے ذرّات کو نانو جسامت میں لے آنے سے وہ انمول بن جاتی ہے۔ | |
| 1 | کیونکہ اس کے بیشتر طبعی خواص بدل جاتے ہیں۔ | |
| | سر ایم وشویشوریّا کو میسور کے دیوان کا عہدہ کس نے اور کیوں پیش کیا ؟ | .12 |
| | جواب : | |
| 1 | سر ایم وشویشوریّا کو میسور کے دیوان کا عہدہ والئی میسور سری کرشناراج وڈیا بہادر نے پیش کیا۔ | |
| 1 | کیونکہ سر ایم وشویشوریّا کی ذہانت واستعداد کا چرچا ملک بھر میں ہوگیا تھا۔ | |
| | افسر بالا نے مصنف کو جب جاپان بھیجنے کی بات کہی تو مصنف نے کیا جواب دیا ؟ | .13 |
| | جواب : | |
| 1 | مصنف نے کہا مانا کہ ہم دفتر دیر سے آتے ہیں، لیکن یہ اتنا بڑا جرم تو نہیں کہ آپ ہمیں جاپان بھیج دیں۔ | |
| 1 | زمانۂ قدیم میں جب کسی شخص سے کوئی جرم سرزد ہو جاتا تھا، تو اسے سزا کے طور پر ملک بدر کر دیا جاتا تھا۔ | |

| مارکس | متوقع جوابات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | ملّا نصیرالدین اپنے عالم دوست کو کس طرح ''بے وقوف گدھا'' قرار دیا ؟ | .14 |
| | جواب : | |
| 1 | وعدے کے مطابق جب مُلا نصیرالدین گھر پر نہیں ملے تو غصّہ میں آ کر اُن کے دوست نے دروازے پر بیوقوف گدھا لکھ دیا۔ | |
| 1 | دروازے پر دوست کی تحریر دیکھ کر انہیں وعدہ یاد آیا۔ بھاگے بھاگے گئے دوست سے معافی مانگی پھر کہا دروازے پر تمہارا نام دیکھ کر مجھے اپنا وعدہ یاد آیا۔ | |
| | سلیمان خطیب کے بارے میں مصنف نے کہا کہ وہ کسی کی تعریف پر کمر بستہ ہو جائیں تو اسے آسمان پر اُٹھا لیں گے۔ اس جملے کی وضاحت کیجئے۔ | .15 |
| | جواب : | |
| 1 | سلیمان خطیب دوستوں کے دوست اور دشمنوں کے دشمن تھے۔ اگر کسی کی تعریف کرنی ہوتی تو زمین اور آسمان کے قلابے ملا دیتے تھے۔ | |
| 1 | اسی طرح کسی کی مذمت پر اُتر آتے تو اُسے بُری طرح ذلیل ورسوا کر دیتے تھے۔ | |
| | حضور اکرم ﷺ جب حرم پاک پہنچے تو لوگوں نے کس طرح اپنی محبت کا اظہار کیا ؟ | .16 |
| | جواب : | |
| 1 | حضور اکرمؐ جب حرمِ پاک پہنچے تو ماحول ''وہ آئے محمدؐ وہ آئے محمدؐ'' کی صدا سے گونج اُٹھا۔ | |
| 1 | سب لوگوں کی زبان پر یہی بات تھی کہ امتیوں کی شفاعت کرنے والے، دونوں جہاں کے لئے رحمت بنا کر بھیجے جانے والے آپؐ کے سوا کوئی اور نہیں۔ | |
| | ریاستِ میسور کی تشکیل کب اور کس بنیاد پر ہوئی ؟ | .17 |
| | جواب : | |
| 1 | ریاستِ میسور کی تشکیل 1956 میں ہوئی۔ | |
| 1 | لسانی بنیاد پر ہوئی۔ | |
| | شاعر سید احمد شاکر کے نزدیک وہ کون سی باتیں ہیں جو ہمیں بدنام کرتی ہیں ؟ | .18 |
| | جواب : | |
| 1 | ہماری آپسی دشمنی، تعصب | |
| 1 | ہمارے آپسی جھگڑے، کدورت اور نفرت۔ | |

| سوال نمبرات | متوقع جوابات | مارکس |
|---|---|---|
| 19. | اکبرالہ آبادی کوکسی بات کی پرواہ اورکسی بات کالالچ کیوں نہ رہا ؟ | |
| | جواب : | |
| | اکبرالہ آبادی کواس بات کی پرواہ نہ رہی کہ دنیاوالے اِن سے خوش ہے یانہیں | 1 |
| | اِن کا شمارعقل مندوں میں ہواس بات کاانہیں لالچ نہ رہا۔ | 1 |
| 20. | گول میزکانفرس میں مولانامحمدعلی جوہرؔنے کیاتقریرفرمائی ؟ | |
| | جواب : | |
| | میں اپنے ملک کواُسی وقت واپس جاؤں گاجب آزادی کاپروانہ میرے ہاتھ میں ہو۔میں ایک غلام ملک کو واپس نہیں جاؤں گا۔ | 1 |
| | آپ مجھے ہندوستان کی آزادی نہیں دیں گےتوپھرآپ کویہاں مجھےقبرکےلئے جگہ دینی پڑے گی۔ | 1 |
| | علمِ طب میں بھی انہیں کافی مہارت تھی۔علمِ ہئیت کے امام بھی تھے۔ | 1 |
| | تین چارجملوں کےجوابات : | 8 × 3 = 24 |
| | بحوالۂ متن جملوں کی تشریح : | |
| 21. | ''کتنالمباچوڑاہوگا ؟'' | |
| | جواب : | |
| | یہ جملہ کرشن چندرکےلکھےمضمون''دھوبی نےمگرمچھ کوکھالیا''سےلیاگیاہے۔ | 1 |
| | یہ جملہ مچھلیوں کےڈپارٹمنٹ کےاینگلوانڈین کلرک نےراموسےکہی۔ | 1 |
| | مگرمچھ کانام سن کراس کی آنکھیں چمکنےلگیں۔اُس کی تفصیل پوچھتےہوئےیہ جملہ کہا۔ | 1 |
| 22. | ''کوئی دن کوئی گھڑی ازخودنجس نہیں ہوتی۔ہمارے اعمال اسےاچھایابُرابناتے ہیں۔'' | |
| | جواب : | |
| | یہ جملہ خلیل منظرؔی کےلکھےڈراما''خاک وطن اورخونِ شہیداں''سےلیاگیاہے۔ | 1 |
| | یہ جملہ ٹیپوسلطانؒ شاستری جی سےکہتےہیں۔ | 1 |
| | جب شاستری جی اُس دن کوٹیپوسلطانؒ کےلئےنجس بتاتےہیں۔ | 1 |

| مارکس | متوقع جوابات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | درج ذیل اشعار کی تشریح کیجئے : | |
| | ہم وہاں ہیں، جہاں سے ہم کو بھی<br>کچھ ہماری خبر نہیں آتی | .23 |
| | جواب : | |
| 1 | اس شعر میں غالبؔ کہتے ہیں۔ | |
| 1 | ہم بے خودی کے اُس مقام کو پہنچ چکے ہیں جہاں خود ہمیں ہماری حالت کا اندازہ نہیں ہے۔ | |
| 1 | محبت میں اپنے آپ کو بھول چکے ہیں۔ | |
| | جنوں نے تماشا بنایا ہمیں<br>رہا دیکھ اپنا پرایا ہمیں | .24 |
| | جواب : | |
| 1 | میر تقی میرؔ اپنی غزل کے مطلع میں کہتے ہیں | |
| 1 | محبت نے ہمیں دیوانہ بنا دیا ہے۔ ہم دنیا والوں کے لئے تماشے کا سامان بن گئے ہیں۔ | |
| 1 | کیا اپنے کیا پرائے سبھی ہمارے حالت کو دیکھ کر خوش ہو رہے ہیں۔ | |
| | کسی **ایک** کا تعارف لکھئے : | |
| | (i) ڈاکٹر وحید انجمؔ (ii) مولانا الطاف حسین حالیؔ | .25 |
| | جواب : | |
| | (i) **ڈاکٹر وحید انجمؔ** : | |
| 1 | پیدائش : 27 دسمبر 1954ء بمقام کلبرگی۔ | |
| 1 | ادبی مقام : بلند پایہ شاعر، ڈرامانویس، افسانہ نگار اور نقاد ہیں۔ | |
| 1 | تصانیف : کڑی دھوپ کا سفر (افسانے) زخموں کی زبان (شعری) منظر دھواں دھواں (شعری) | |
| | **یا** | |

| مارکس | متوقع جوابات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | (ii) **مولانا الطاف حسین حالؔی :** | |
| 1 | پورا نام محمد الطاف حسین، حالؔی تخلص ۔ 1837ء کو بمقام پانی پت پیدا ہوئے ۔ 1914ء میں انتقال کیا۔ | |
| 1 | اردو کے اچھے شاعر، سوانح نگار اور نقاد تھے ۔ | |
| 1 | یادگارِ غالب، حیاتِ جاوید، حیات سعدی، مقدمہ شعر و شاعری اہم تصانیف ہیں ۔ | |
| | درج ذیل سوالات کے تفصیلی جوابات لکھئے : 2 × 4 = 8 | |
| | اُم المومنین حضرت عائشہؓ کی زندگی پر روشنی ڈالئے ۔ | .26 |
| | **یا** | |
| | کلبرگی کی اہم عمارتوں پر مختصر نوٹ لکھئے ۔ | |
| | جواب : | |
| 1 | اُم المومنین حضرت عائشہ صدیقہؓ حضرت ابوبکر صدیقؓ کی دوسری صاحب زادی تھیں ۔ صدیقہ لقب اور کنیت امِ عبداللہ۔ | |
| | آپؓ حضور اکرمؐ کی سب سے زیادہ محبوب بیوی تھیں ۔ حضرت جبرئیلؑ آپؓ کو سلام کرتے تھے ۔ | |
| 1 | آپؓ سے بے شمار احادیث کی تصدیق ہوئی ۔ | |
| 1 | آپؓ کا حجرہ مسجد نبوی سے ملا ہوا تھا۔ آپؓ تاریخ، ادب اور طب میں بھی مہارت رکھتی تھیں ۔ | |
| 1 | آپؓ غنی اور سخی تھیں ۔ اپنا معمولی سا گھر آپؓ کے لئے کسی عالی شان محل سے کم نہ تھا۔ آپؓ کی کوئی اولاد نہیں تھی اس لئے یتیم بچوں کی پرورش کرتی رہیں ۔ | |
| | **یا** | |
| | جواب : | |
| 1 | (a) **قلعہ حشام :** یہ بہمنی سلاطین کی بے مثال یادگار ہے ۔ عادل شاہی نے سطاطین کے دَور میں یہاں توپیں نصب کرنے کے لئے برجوں کی تعمیر کروائی ۔ | |
| 1 | (b) **جامع مسجد :** مسجدِ قرطبہ کے نمونے پر بنائی گئی مسجد ہے جس کی چھت پر 111 گنبدیں ہیں ۔ یہ بہمنی بادشاہ محمد شاہ بن علاؤالدین کے عہد میں تعمیر کی گئی ۔ | |
| 1 | (c) **مقبرہ حسن گنگو بہمنی :** اس گنبد کو حسن گنگو کے فرزند محمد شاہ نے تعمیر کروایا۔ خوش نما گنبد کی اندرونی سطح پر اعلیٰ درجہ کی گل کاری کی گئی ہے اور چینی کا کام کیا گیا ہے ۔ | |
| 1 | (d) **درگاہ حضرت خواجہ بندہ نوازؒ :** احمد شاہ ولی بہمنی نے حضرت خواجہ بندہ نواز گیسودراز کا روضۂ مبارک تعمیر کروایا۔ | |
| 1 | (e) **شرن بسویشور کا مندر :** یہ لنگا یتوں کی اہم زیارت گاہ ہے ۔ | |
| | (کسی چار عمارتوں کے بارے میں لکھے جانے پر پورے نشانات دیئے جائیں) | |

| سوال نمبرات | متوقع جوابات | مارکس |
|---|---|---|
| | کسی ایک نظم کے ابتدائی چار اشعار اپنی یادداشت سے لکھیے : | |
| .27 | مولانا حالی کی 'حمد' یا مولانا حماد کی 'نعت' کے ابتدائی چار اشعار زبانی لکھیے۔ | |
| | جواب : | |
| | حمد: ساری دنیا کے مالک (ابتدائی چار اشعار) | |
| | اے ساری دنیا کے مالک — راجا اور پرجا کے مالک | 1 |
| | سب سے انوکھے سب سے نرالے — آنکھ سے اوجھل دِل کے اُجالے | 1 |
| | ناؤ جگت کی کھینے والے — دکھ میں سہارا دینے والے | 1 |
| | جوت ہے تیری جل اور تھل میں — باس ہے تیری پھول اور پھل میں | 1 |
| | یا | |
| | نعت : وہ آئے محمدؐ وہ آئے محمدؐ (ابتدائی چار اشعار) | |
| | ثنائے خدا ہے، ثنائے محمدؐ — رضائے الٰہی، رضائے محمدؐ | 1 |
| | حرم میں جو پہنچے تو گونجی صدائیں — وہ آئے محمدؐ، وہ آئے محمدؐ | 1 |
| | شفیع الامم، رحمتِ ہر دو عالم — نہیں اور کوئی سوائے محمدؐ | 1 |
| | نگاہوں میں جچتا نہیں اور کوئی — مرے دل میں جب سے سمائے محمدؐ | 1 |
| | **PART-B/حصہ - ب** | |
| | درج ذیل سوالات کے چار متبادل جوابات دیے گئے ہیں۔ موزوں ترین جواب کا انتخاب کر کے لکھیے : | |
| | 12 × 1 = 12 | |
| .28 | لفظ ''خوش نما '' کی ضد ہے۔ | |
| | A) بدصورت    B) بدنما | |
| | C) جوش نما    D) خوبصورت | |
| | جواب : (B) بدنما | 1 |
| .29 | وہ حروف جو جوش، خوشی، غم یا کسی دوسرے جذبے کے اِظہار کے موقع پر بے ساختہ نکل جاتے ہیں۔ | |
| | A) حروفِ فجائیہ    B) حروفِ ربط | |
| | C) حروفِ عطف    D) حروفِ تخصیص | |
| | جواب : (A) حروفِ فجائیہ | 1 |

| مارکس | متوقع جوابات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | لفظ ''جسم'' کی جمع ہے۔ | 30. |
| | A) اقسام B) اجسام | |
| | C) اجزاء D) جُز | |
| 1 | جواب : (B) اجسام | |
| | مضمون کا پہلا حصّہ ہوتا ہے۔ | 31. |
| | A) توحید B) واحد | |
| | C) تمہید D) جدید | |
| 1 | جواب : (C) تمہید | |
| | محاورہ ''پانی سر سے اونچا ہونا'' کا مطلب ہے۔ | 32. |
| | A) حالات بدلنا B) حالات قابو سے باہر ہونا | |
| | C) حالات قابو میں آنا D) حالات قائم رہنا | |
| 1 | جواب : (B) حالات قابو سے باہر ہونا | |
| | ان میں سے واحد لفظ ہے۔ | 33. |
| | A) شعراَ B) تصاویر | |
| | C) منزل D) اساتذہ | |
| 1 | جواب : (C) منزل | |
| | وہ الفاظ جو دو لفظوں 'یا' دو جملوں کے درمیان آتے ہیں اور دونوں کو باہم ملاتے ہیں۔ | 34. |
| | A) حروفِ ربط B) حروفِ عطف | |
| | C) حروفِ فجائیہ D) حروفِ علت | |
| 1 | جواب : (B) حروفِ عطف | |
| | صورت کے لحاظ سے جملے کی قسمیں ہیں۔ | 35. |
| | A) دو B) چار | |
| | C) چھ D) آٹھ | |
| 1 | جواب : (A) دو | |

| مارکس | متوقع جوابات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | غزل کا پہلا شعر کہلاتا ہے۔ | .36 |
| | A) مقطع B) بیت الغزل | |
| | C) حسنِ مطلع D) مطلع | |
| 1 | جواب : (D) مطلع | |
| | الفاظ کا وہ مجموعہ جس سے کچھ معنی و مطلب نکلتا ہو۔ | .37 |
| | A) حروف B) لفظ | |
| | C) جملہ D) املا | |
| 1 | جواب : (C) جملہ | |
| | رباعی اس عربی لفظ سے مشتق ہے۔ | .38 |
| | A) ربع B) روباب | |
| | C) عرب D) مربع | |
| 1 | جواب : (A) ربع | |
| | یہ وہ کلمہ ہے جو خود معنی دیتا ہو۔ | .39 |
| | A) غیر مستقل کلمہ B) مستقل کلمہ | |
| | C) فعل D) ضمیر | |
| 1 | جواب : (B) مستقل کلمہ | |
| | **PART-C/حصہ-ج** | |
| | درج ذیل انگریزی جملوں کا آسان اُردو میں ترجمہ کیجئے : 3 × 1 = 3 | .40 |
| | (i Jawaharlal Nehru was the first Prime Minister of India. | |
| | (ii Discovery of India is written by Jawaharlal Nehru. | |
| | (iii Indira Gandhi was the daughter of Jawaharlal Nehru. | |
| | جواب : | |
| 1 | (i) جواہرلال نہرو ہندوستان کے پہلے وزیر اعظم تھے۔ | |
| 1 | (ii) جواہرلال نہرو نے ڈسکوری آف انڈیا لکھی۔ | |
| 1 | (iii) اندرا گاندھی جواہرلال نہرو کی بیٹی تھیں۔ | |

| سوال نمبرات | متوقع جوابات | مارکس |
|---|---|---|
| .41 | اپنے والدِ محترم کے نام ایک خط لکھئے جس میں امتحان کی فیس چار سو روپئے ادا کرنے کا ذکر ہو۔ 4 = 4 × 1 | |
| | **یا** | |
| | اپنے اسکول کے میر مُعلم کے نام خط لکھئے جس میں سندِ تبادلہ (T.C.) حاصل کرنے کا ذکر ہو۔ | |
| | جواب : | |
| | **والد کے نام خط :** | |
| | i) نام : XYZ | 1 |
| | ii) مقام و تاریخ : | |
| | iii) آداب والقاب : محترم والد صاحب | 1 |
| | iv) مضمون خط : امتحان کی فیس چار سو روپیئے ادا کرنے کا ذکر | 1 |
| | v) اختتام : فرمابردار بیٹا / بیٹی | 1 |
| | vi) مکتوب الیہ کا نام و پتہ : | |
| | **یا** | |
| | **میر معلم کے نام خط:** | |
| | i) منجانب / نام : XYZ | 1 |
| | ii) بخدمت : میر معلم | |
| | iii) عرض مدعا : سند تبادلہ کے لئے درخواست | 1 |
| | iv) مضمونِ خط : مناسب وجہ بتا کر سندِ تبادلے کی طلب | 1 |
| | v) اختتام : آپ کا / کی فرمابردار شاگرد / شاگردہ | 1 |
| | vi) مقام / تاریخ : | |

| سوال نمبرات | متوقع جوابات | مارکس |
|---|---|---|
| | کسی ایک عنوان پر مضمون : 1 × 4 = 4 | |
| .42 | (i) میرا پسندیدہ کھیل | |
| | (ii) ماحول کی آلودگی | |
| | (iii) جہیز ایک لعنت | |
| | جواب : | |
| | (i) **میرا پسندیدہ کھیل :** | |
| | (a) تمہید – کسی قول، فقرہ یا ضرب المثل سے آغاز کرنا۔ | 1 |
| | (b) نفس مضمون – (i) انسانی زندگی میں کھیل کی اہمیت<br>(ii) کھیلوں سے ہونے والے فوائد<br>(iii) پسندیدہ کھیل کی خصوصیت | 1 + 1 |
| | (c) اختتام – اعادہ/مضمون سے متعلق ذاتی رائے۔ | 1 |
| | **یا** | |
| | (ii) ماحول کی آلودگی : | |
| | (a) تمہید – کسی قول، فقرہ یا ضرب المثل سے آغاز کرنا | 1 |
| | (b) نفس مضمون – (i) ماحول کی تعریف<br>(ii) جانداروں کے لئے ماحول کی ضرورت<br>(iii) ماحول کی آلودگی کی وجوہات<br>(iv) آلودہ ماحول کے مضر نتائج<br>(v) آلودگی کی روک تھام کے طریقے | 1 + 1 |
| | (c) اختتام – اعادہ/ ماحول کی آلودگی سے متعلق ذاتی رائے۔ | 1 |

| مارکس | متوقع جوابات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | (iii) **جہیز ایک لعنت :** | |
| 1 | (a) تمہید - کسی قول، فقرہ یا ضرب المثل سے آغاز کرنا | |
| | (b) نفس مضمون - (i) جہیز کا مطلب | |
| 1 + 1 | (ii) جہیز کے سبب ماحول میں پنپنے والے حالات | |
| | (iii) جہیز پر قابو پانے کے موثر طریقے | |
| 1 | (c) اختتام - اعادہ/ جہیز سے متعلق ذاتی رائے۔ | |
| | درج ذیل عبارت کو بغور پڑھ کر نیچے لکھے گئے سوالات کے مختصر جوابات لکھئے : 4 × 1 = 4 | |
| | مولانا محمد اسمٰعیل میرٹھی 12 فروری 1844 کو بمقام میرٹھ پیدا ہوئے۔ 1899ء میں وظیفہ یاب ہوکر بقیہ عمر تصنیف و تالیف میں صرف کردی۔ مولانا صاحب ایک اچھے شاعر اور کامیاب نثر نگار بھی تھے۔ شاعری میں طرز جدید اور طرزِ قدیم دونوں پائے جاتے ہیں۔ اِن کی ادبی خدمات اور قابلیت کے صلہ میں انہیں سرکار نے خان صاحب کے خطاب سے نوازا۔ یکم نومبر 1917ء کو اس دارِفانی سے کوچ کر گئے۔ | |
| | سوالات : | |
| | مولانا محمد اِسمٰعیل میرٹھی کب اور کہاں پیدا ہوئے ؟ | 43. |
| | جواب : | |
| 1 | 12 فروری 1844 کو بمقام میرٹھ پیدا ہوئے۔ | |
| | وظیفہ یاب ہوکر مولانا محمد اسمٰعیل نے کیا کیا ؟ | 44. |
| | جواب : | |
| 1 | بقیہ عمر تصنیف و تالیف میں صرف کردی۔ | |
| | سرکار نے انہیں کس خطاب سے نوازا ؟ | 45. |
| | جواب : | |
| 1 | خان صاحب کے خطاب سے نوازا۔ | |
| | مولانا محمد اسمٰعیل کا انتقال کب ہوا ؟ | 46. |
| | جواب : | |
| 1 | 1917ء کو انتقال ہوا۔ | |